# 6۔ چند روز ایک روڈ رولر کے ساتھ

## ولادت: ۱۹۲۲ء

## وفات: ۲۰۱۰ء

## ڈاکٹر وزیر آغا

www.ilmkidunya.com

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| اسپِ تازی | تیز رفتار | عجوبۂ روزگار | عجیب و غریب |
| بھاشا | زبان ، بولی | معکوس | اُلٹا، واپس |
| بُنت | بُنائی | قوی الجثہ | مضبوط جسم |
| پرت | تہہ | مہین | باریک |
| چھتنار | گھنا، چھتری کی شکل | ہست | زندگی، کائنات، عالمِ وجود |
| دعنوسار | قدیم زمانے کا ایک دیو ہیکل جانور جو اَب ناپید ہے | ہودہ | ہاتھی کی پیٹھ پر رکھا جانے والا ڈولا |
| سواگت | استقبال | | |

## مشق

سوال نمبر ا۔ درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیں:

(الف) روڈ رولر کی شکل و صورت کیسی تھی؟

www.ilmkidunya.com

جواب: یہ قومی الجثہ، دیئنو ساری جاپانی پہلوانوں کی طرح کا ایک پہاڑ ہے، مگر گوشت کا پہاڑ نہیں ! یہ تو کالے لوہے کا پہاڑ ہے، جس کا کام کچی خوشبودار زمین کے چہرے پر بجری کی تہہ جمانا ہے۔

(ب) روڑ رولر کس رفتار سے چل رہا تھا؟

جواب: روڈ رولر سارا دن اپنے بوڑھے ڈرائیور کی معیت میں کمال آہستگی کے ساتھ سڑک پر آگے پیچھے ہوتا رہتا ہے۔

(ج) مغرب میں اُلو کو کس چیز کی علامت سمجھا جاتا ہے؟

جواب: مغرب میں اُلو کو دانائی کی علامت سمجھا جاتا ہے۔ پرندوں میں اُلو کو "فلاسفر" کہا گیا ہے۔

(ر) مصنف نے روڈ رولر پر کتنی دیر سفر کیا؟

جواب: مصنف نے روڈ رولر پر تقریباً دو گھنٹے سفر کیا۔

(ہ) مصنف نے روڈ پر کن خیالات کا اظہار کیا؟

جواب: جس سڑک پر روڈرولر کام کر رہا تھا وہ نہر کے پاس بنائی جا رہی تھی۔ پانی کی سطح پر کسی پرندے کا ایک پَر بہتا جا رہا تھا ۔

دیکھتے ہی دیکھتے وہ روڈرولر کے برابر سے گزرا اور گزرتا ہی چلا گیا۔ ایک بار پھر مُصنف کو شک ہوا کہ روڈرولر شاید ابھی چلا نہیں ہے کر نہیں ! وہ تو چل رہا تھا، وہ دراصل ٹھہراو اور رفتار کے عین درمیان کی حالت میں تھا، یعنی ایک زاویے سے دیکھیں، ٹھہرا ہوا نظر آئے، دوسرے زاویے سے دیکھیں تو حرکت کرتا ہوا۔

**سوال نمبر ۲۔ خالی جگہ پر کریں:**

**(الف)** کتوں نے بھونک کر روڈرو کا استقبال کیا۔

**(ب)** بلکہ موجودگی کی ایک کھٹکتی ہوئی قاش بن گئی۔

**(ج)** ہر ایک خواہش کے اندر ایک خلا ہوتا ہے۔

**(ا)** یہ چیزیں عمل معکوس کا مظاہرہ کرتے ہوئے پیچھے بھاگتی ہیں ۔

**سوال نمبر 3:۔ درج ذیل جملوں کی وضاحت کریں:**

**(الف) رفتاری انتشار ہے۔**

**جواب:** مصنف کہتا ہے کہ جب کوی چیز تیزی سے حرکت کرتی ہے آس پاس کی چیزوں میں انتشار پیدا کر دیتی ہے۔ مثلاً جب گاڑی تیز رفتاری سے حرکت کرتی ہے تو ہوا کو چیرتی ہوئی جاتی ہے اور زمین پر ساکن پڑی ہوئی مٹی کو گرد بنا کر اُڑاتی ہے اور پاس پڑے ہوئے کاغذ اور پتے اُڑتے چلے جاتے ہیں۔ اور ان میں بد نظمی پیدا ہو جاتی ہے ۔ہی انتشار رفتار کی وجہ سے ہی پیدا ہوتا ہے۔

**(ب) واقعی تغیر کو ثبات ہے۔**

**جواب:** اس جملے میں مصنف کی مراد یہ ہے کہ زندگی مسلسل تبدیلیوں کا نام ہے۔کوئی بھی چیز اپنی جگہ پر جامد نہیں بلکہ تبدیلی کا عمل ہمیشہ جاری رہتا ہے۔یہ جملہ اقبال کے اس شعر سے لیا گیا ہے۔

سکوں محال ہے قدرت کے کارخانے میں

شبات ایک تغیر کو ہے زمانے میں

**(ج) میں نے کہا شکریہ! مجھے ذرا جلدی گھر جلدی پہنچنا ہے۔**

www.ilmkidunya.com

جواب: مصنف کہتا ہے کہ جب روڈرولر پر سفر کرتے ہوئے تقریباً دو گھنٹے گزر گیے اُس نے ڈرایور سے کہا کہ اُسے اتار دے۔ اِس پر ڈرایور نے اُسے کہا کہ وہ رولر پر ہی گھر چھوڑ دے گا مگر مصنف نے اُسے ہنستے ہوئے کہا کہ اُسے ذرا

جلدی گھر پہنچنا ہے اور رولر کی رفتار بہت آہستہ ہے۔

**سوال نمبر ۴۔ درج ذیل جملوں کو قواعد کے مطابق درست کریں۔**

**الف) بوڑھا شخص بہت سے گھاٹوں کا پانی پی چکا تھا۔**

جواب: بوڑھا شخص گھاٹ گھاٹ کا پانی پی چکا تھا۔

**ب) پاکستان کے اندر افرادی قوّت کی کمی نہیں ہے۔**

جواب: پاکستان میں افرادی قوت کی کمی نہیں ہے۔

**(ج) میں نے اپنے کیالج لائبریری سے استفادہ حاصل کیا۔**

www.ilmkidunya.com

جواب: میں اپنے کالج کی لائبریری سے استفادہ کیا ہے۔

(د) لڑکا ڈرتا ڈرتا پرنسپل کے دفتر میں داخل ہوا۔

جواب: لڑکا ڈرتے ڈرتے پرنسپل کے دفتر میں داخل ہوا

(ہ) ملتان اولیاؤں کی سرزمین ہے۔

جواب: ملتان اولیاء کی سرزمین ہے

۵۔ درج ذیل جملوں میں مناسب مقامات پر موزاِو قاف لگائیں۔

الف) وہ بازار سے سبزیاں پھل دالیں اور گوشت لایا۔

جواب: وہ بازار سے سبزیاں، دالیں اور گوشت لایا۔

(ب) وہ شخص خوشبو کی طرح آیا جھوما خوشیاں بکھیریں اور چلا گیا۔

www.ilmkidunya.com

جواب: وہ شخص۔ خوشبو کی طرح آیا جھوما خوشیاں بکھیریں۔ اور چلا گیا۔

**(ن) قائدِ اعظم بانی پاکستان بہت بڑے سیاست دان تھے۔**

جواب: قائدِ اعظم (بانی پاکستان) بہت بڑے سیاستدان تھے۔

**(د) ہم مجبور انسان اِن حالات کا مقابلہ کیسے کریں۔**

جواب: ہم مجبور انسان، اِن حالات کا مقابلہ کیسے کریں؟

**(ہ) تم اچھے ہو یا بُرے عالم ہو یا جاہل دین دار ہو یا دنیادار اپنے اعمال کے خود ذمہ دار ہو۔**

جواب: تم اچھے ہو یا بُرے، عالم ہو یا جاہل، دین دار ہو یا دنیادار، اپنے اعمال کے خود ذمہ دار ہو۔

www.ilmkidunya.com